
EFU GENERAL

EFU BUSINESS
Protector Plus
Powered by EFU



# آپ کے کاروبار کا بھرپور تحفظ

111-654-321 | www.jsbl.com
Nationwide Branches

JS BANK

## عمومی سوالات/عام سوالات:

**ا۔ صارف کو اپنے پالیسی دستاویزات وصول کرنے کے لئے کتنا عرصہ درکار ہوگا؟**

- اکاؤنٹ ڈیبٹ ہو جانے کے بعد 10 سے 15 کاروباری دن لگ سکتے ہیں۔

**۲۔ کیا اس پر فری لُک پیریڈ کا اطلاق ہوگا؟**

- جی ہاں، یہاں ''14 کاروباری دنوں'' پر مشتمل فری لُک پیریڈ کی سہولت موجود ہے جس کے دوران آپ پالیسی منسوخ کر سکتے ہیں۔

**۳۔ فری لُک پیریڈ سے کیا مراد ہے؟**

- فری لُک پیریڈ 14 کاروباری دنوں پر مشتمل ایک مناسب مدت ہے جس کے دوران آپ ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس کی شرائط وضوابط کو سمجھ سکتے ہیں۔

**۴۔ کیا صارف فری لُک پیریڈ کی مدت ختم ہونے کے بعد ری فنڈ کا اہل ہوگا؟**

- جی نہیں، فری لُک پیریڈ کی مدت ختم ہو جانے کے بعد کسی پریمیئم کو واپس فراہم نہیں کیا جائے گا۔

**۵۔ ای ایف یو جنرل انشورنس سینٹرل ڈویژن سے کیا مراد ہے؟**

- ای ایف یو جنرل انشورنس، ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس کے تحت تحریر کردہ ہے۔ سینٹرل ڈویژن، ای ایف یو جنرل انشورنس کا برانچ آفس ہے جو آپ کی جانب سے کیے جانے والے سوالات اور کلیمز کے لئے اپنی سروس فراہم کرے گا۔ جس کا پتہ درج ذیل ہے: پہلی منزل کاشف سینٹر، شاہراہ فیصل، کراچی۔

**۶۔ کلیمز/دعوے ہونے کی صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

- اگر ملنے والے تحفظ (کوریج) کے ساتھ نقصان کا سامنا کرنا پڑے تو صارف اس ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس پالیسی کے تحت کلیم/دعویٰ کر سکتا ہے۔
کسی بھی قسم کے نقصان ہونے کی صورت میں صارف کو چاہیے کہ وہ اس قسم کے نقصان کے 48 گھنٹوں میں فوری طور ای ایف یو جنرل انشورنس۔ سینٹرل ڈویژن کو اس فون نمبر 021-35653907-9, 021-35640535 پر یا ای میل ایڈریس banca.claims@efuinsurance.com پر اطلاع فراہم کرے۔ مزید معلومات یا تفصیلات کے لئے آپ جے ایس بینک کے کال سینٹر (111-654-321)-021-051 بینک کی کسی بھی برانچ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

کلیم/دعویٰ کے اندراج کے لئے صارف کو درج ذیل دستاویزات درکار ہوں گے:

ا۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی۔
۲۔ مکمل طور پر پُر کیا گیا، دستخط اور مہر شدہ انشورنس کلیم فارم
۳۔ ایف آئی آر بریگیڈ رپورٹ (آتشزدگی کی صورت میں)
۴۔ حق وراثت کی قانونی سند/سرٹیفکیٹ (حادثاتی موت واقع ہو جانے کی صورت میں)
۵۔ مستند اسپتال/ڈاکٹر کی جانب سے جاری کیا گیا ڈیتھ سرٹیفکیٹ (حادثاتی موت واقع ہو جانے کی صورت میں)۔

واضح کردہ فہرست جامع نہیں اور صارف کو درج بالا امور کے علاوہ دیگر اضافی معلومات، جو کہ ممکن ہو سکتا ہے، فراہم کرنی ہوں گی۔ کلیم/دعوے سے متعلق مطلوبہ معلومات مکمل نہ ہونے کی صورت میں ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس پالیسی کے تحت کسی کلیم/دعوے کے لئے ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

**۷۔ کلیم/دعوے کے تصفیے میں کتنا وقت درکار ہو سکتا ہے؟**

- ای ایف یو جنرل انشورنس۔ سینٹرل ڈویژن کی اجازت اور کلیم/دعوے کے مطلوبہ دستاویزات کی فراہمی کے بعد ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس کے شرائط وضوابط کے مطابق آپ کے کلیم/دعوے کی کارروائی 15 کاروباری دنوں میں مکمل ہو جائے گی۔

### ۸۔ کلیم/دعوے کی رقم کی ادائیگی کس طرح سے کی جائے گی؟

- آپ کے کلیم/دعوے کی ادائیگی ای ایف یو جنرل انشورنس۔ سینٹرل ڈویژن کے چیک کے ذریعے کی جائے گی۔ آپ سے درخواست کی جائے گی کہ آپ اپنے کلیم/دعوے کا چیک ان سے وصول کریں۔

ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ

سینٹرل ڈویژن، پہلی منزل، کاشف سینٹر، شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ای میل: central@efuinsurance.com

فون نمبر: 021-35653907-9, 021-35640535

ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس، آپ کے کام کی جگہ کو تحفظ دینے والا ایک انشورنس پروگرام ہے جو آپ کی کاروباری کامیابی کو ممکن بناتا ہے۔ یہ بزنس کور انشورنس پروگرام غیر متوقع حالات میں آپ کے کاروبار میں بڑے نقصانات کو روکنے کے لئے خصوصی طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ آپ کو ملے بے مثال قدر اور سہولت۔ یہ ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ کا بیمہ کردہ ہے۔

## کوریج:

### 1. دفتری ساخت کا سامان اور قیمتی اشیاء

عمارت/دفتری ساخت (پلنتھ، فرش اور بنیاد کے علاوہ) اور اس کے سامان اور قیمتی اشیاء کو نقصان سے تحفظ فراہم کرتا ہے:

- قدرتی آفات مثلاً آگ، آسمانی بجلی، زلزلہ
- سیاسی انتشار مثلاً فسادات اور ہڑتالیں
- بدنیتی پر مبنی نقصان
- دھماکے (بیمہ شدہ کے زیرِ کنٹرول اور زیرِ ملکیت ایٹم پریشر پلانٹ کے دھماکے کے علاوہ)
- ہوائی جہاز اور دیگر فضائی آلات یا اشیاء کا آ گرنا
- سڑک سے گزرنے والی کسی گاڑی سے ہونے والا نقصان، جو بیمہ شدہ کے زیرِ ملکیت یا زیرِ کنٹرول نہ ہو۔
- ماحولیاتی خلل مثلاً سیلاب، سائیکلون، آندھی، ٹائیفون، سمندری طوفان، جھکڑ
- حادثاتی انتقال کے لئے ذاتی تحفظ (کوریج)
- فساد، ہڑتال، چوری، بدنیتی پر مبنی نقصان، ماحولیاتی اثرات، زلزلہ فیشل سائین بورڈ/سائین ایج کے لئے خارج ہیں۔

### 2. تجوری میں نقد رقم

مسلحہ ڈکیتی، زبردستی داخلے اور نقب زنی کی صورت میں اگر کسٹمر نقدی یا نقد کے مساوی رقم کے نقصان سے تحفظ، جو تجارت یا کاروبار سے متعلق ہوں اور انہیں ایک مناسب سیف/والٹ اور/یا الماری میں رکھا گیا ہو۔

### 3. فیشل سائین بورڈ/سائین ایج

فیشل سائین بورڈ/سائین ایج کے فزیکل نقصان سے تحفظ فراہم کرتا ہے جو بیمہ شدہ کے دفتری احاطے میں نصب ہو اور اسے حادثے یا کسی دہشت گردی کے سبب نقصان ہوا ہو جس کی وضاحت درج ذیل ہے:

**ڈسپلے کے لئے لگایا گیا کوئی اسٹرکچر، آلہ یا شے**

### 4. ذاتی حادثہ

بیمہ شدہ مدت کے دوران حادثے کے نتیجے میں انتقال کی صورت میں تحفظ فراہم کرتا ہے۔

## ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس کے لئے بیمہ کی رقم

| تفصیل | رقم |
|---|---|
| آفس اسٹرکچرز کا مواد | 250,000 |
| تجوری میں کیش | 250,000 |
| فیشل سائین بورڈ/سائین ایج | 20,000 |
| ذاتی حادثہ | 200,000 |
| بیمہ کی مجموعی رقم | 495,000 |

## پریمیئم کی ادائیگی برائے ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس

نیٹ پریمیئم: 4,413 پاکستانی روپے فی کسٹمر سالانہ، پریمیئم میں لاگو حکومتی ٹیکسز/لیویز شامل ہیں یعنی ایڈمن سرچارج 5 فیصد بمعہ سروس 13 فیصد پر کم از کم 500 روپے اور زیادہ سے زیادہ 5,000 روپے سیلز ٹیکس، فیڈرل انشورنس فیس 1 فیصد اور اسٹیمپ ڈیوٹی 50 روپے۔ قابل اطلاق ٹیکسز/لیویز میں تبدیلی کے مطابق پریمیئم پر اثر پڑے گا۔

## پروڈکٹ کا اندراج

کسی بھی دعوے کی صورت میں براہ کرم ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ کو واقعہ کے 48 گھنٹوں کے اندر مطلع کریں۔

## کلیم/دعویٰ کا اندراج اور تصفیہ

فون نمبر: 021-35640535, (111-654-321) 021-051 یا 021-35653907-9

ای میل: ccu.helpdesk@jsbl.com, banca.claims@efuinsurance.com

دعویٰ کو 15 دنوں کے اندر طے کیا جائے گا۔ جو کہ مطلوبہ دستاویزات کی فراہمی سے مشروط ہوگا۔

### انتباہ

جے ایس بینک لمیٹڈ، ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ کی جانب سے ای ایف یو بزنس پروٹیکٹر پلس کارپوریٹ کے محض کارپوریٹ ایجنٹ ڈسٹری بیوٹر کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ کی جانب سے آپ کے کلیم/دعویٰ یا درخواست مسترد ہو جانے کی صورت میں جے ایس بینک لمیٹڈ کو کسی بھی قسم کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا اور نہ ہی وہ اس حوالے سے کوئی تفتیش کرے گا یا کلیم/دعوے سے متعلق جوابدہ ہوگا۔

یہ پروڈکٹ بروشر صرف پروڈکٹ کی خوبیوں اور فوائد کا عمومی خاکہ پیش کرتا ہے۔